Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۴۵	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۹ صفر ۱۳۴۰ھ مطابق ۳۱ اکتوبر سنہ ۱۹۲۱ء	جلد ۳۳

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	مزید رخصت صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر	۱
۲	مستقلی سپرنٹنڈنٹ صاحب جنگی۔	۲
۳	اضافہ صاحبزادہ سید محمود علیخان بہادر	۳
۴	علاحدگی مستعفی از افواج	،،
۵	رخصت سیکنڈ اسسٹنٹ شفاخانہ شاہ آباد	،،
۶	رخصت افسر بلکٹ	،،
۷	بابت متعلق مرتبہ بیانات گواہان مدعیان وغیرہ	،،
۸	تصحیح اسم سب انسپکٹر پولیس	،،
۹	نقشہ نرخ اجناس	ضمیمہ

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۶ اکتوبر سنہ ۱۹۲۱ء

حاجی محمد ہادی حسن خان بہادر پرائیویٹ سکریٹری کی رخصت سابقہ قریب ختم ہے۔ لہذا بانتظام موجودہ انکی مزید رخصت سہ ماہ منظور کیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

مستقلی

۲۰ راکتوبر ۱۹۲۱ء

حسب رپورٹ صاحب ہوم سکریٹری بہادر۔ صاحبزادہ سید غوث محمد خان صاحب سپرنٹنڈنٹ جنگی بوجہ حسن انجام خدمات بامانت ودیانت ومحنت وہوشیاری تاریخ انقضاء میعاد امتحانی سے مستقل فرمائے گئے۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۲ راکتوبر ۱۹۲۱ء

بنظر مناسب

حکم ہوا کہ

صاحبزادہ سید محمود علیخان بہادر پرائیوٹ سکریٹری کی تنخواہ موجودہ مین یکم اکتوبر ۱۹۲۱ء سے مبلغ ایک سو روپیہ ماہوار اضافہ کیا جائے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۴ راکتوبر ۱۹۲۱ء

حسب سفارش کرنل صاحب بہادر کمانڈنٹ افواج بنظر سپاہ پروری سپاہیان فوج کیواسطے یکم نومبر ۱۹۲۱ء سے چھ ماہ کے لئے بشرح ذیل مراعات منظور کیجاتی ہے۔

۱- سواران وبگلچیان لیس دفعداران وکوت دفعداران سالوتری ونعلبند امپیریل سروس لانسرز وتھرڈ اسکواڈرن سے (جنکے پاس گھوڑا وخچر موجود ہے) دو روپیہ بارہ آنے ماہوار چندہ اسپ وخچر وضع نہ کیا جائے۔ مگر اس عدم وضعات کی معاوضہ مین خزانہ سرکاری سے کوئی رقم جنرل فنڈ کو ندیجائیگی۔

۲- بے اسپ سواران وبگلچیان لیس دفعداران وکوت دفعداران وسالوتری ونعلبند وجنگی امپیریل سروس لانسرز وتھرڈ اسکواڈرن کو ایک ایک روپیہ ماہوار جنرل فنڈ کی ...

۳- ... سپاہیان لیس دفعداران و ... سواران کو ایک روپیہ ماہوار چندہ وضع نہوا کریگا اور ایک ایک روپیہ ماہوار جنرل فنڈ سے نقد ملا کرے۔

۴- فرسٹ بٹالین امپیریل سروس انفینٹری وسکنڈ بٹالین وتھرڈ بٹالین وگورکھا کمپنی وتوپخانہ کے سپاہیان وبگلچیان ونیز سپاہیان وباجہ نوازان لیس نائکان ونائکان وحوالداران ومیجران وکوت حوالداران ودیگر حوالداران ونیز حوالداران کو ایک ایک روپیہ ماہوار بشرح مندرج برآمد وخزانہ سرکار سے بطور مہنگائی ملا کرے۔

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں۔

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۲۵ راکتوبر ۱۹۲۱ء

جناب مس ہاسپیٹل اسسٹنٹ شفاخانہ شاہ آباد کی رخصت علالتی ایک ماہ بوجہ علالت منظور فرمائی گئی۔ ایام رخصت مین گوہر علی ہسپتال کمپونڈر شفاخانہ صدر رخصتی کا کام انجام دیگا اور پانچ روپیہ ماہوار الاونس پائیگا۔

ملخص حکم اجلاس صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۲۵ راکتوبر ۱۹۲۱ء

چھ ہفتہ کی مزید رخصت بسلسلہ رخصت سابقہ بلا تنخواہ محمد محسن الزمان اہلمد سررشتہ آڈٹ کی ۲۵ راکتوبر ۱۹۲۱ء سے منظور ہوئی۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۱۵ راکتوبر ۱۹۲۱ء

مثبتہ نوٹ صاحب مہتمم بندوبست مشعر اسکے کہ طریقہ مروجہ شہادت گواہان یا مدعیان یا تعمیل کنندگان یا معافیداران ذخیرہ کا بندوبست مین یہ ہے کہ ایک قطعہ کاغذ کی غرض سے ہر سوال درج ہوتا ہے اور اسکے محاذ مین بیان دہندہ کا جواب تحریر کیا جاتا ہے۔ ایسی تحریر شہادت پر جناب ناظم صاحب کو اعتراض ہے۔

مثل کاغذات ملاحظہ ہوئی۔ بیان لکھنا گویا کہ زبان بندی ہے یعنی بیان کرنیوالا جو بیان لکھاتا ہے وہی قلمبند کیا جاتا ہے۔ اگر ایسی کوئی امر قابل تنقیح یا صاف کرنیکے لایق ہو تو کل اسکو سوال کرکے صاف کر لیتے ہیں یا عدالت معاملہ سوال کر کے صاف کرتی ہے۔ سوال وجواب ... جو طریقہ سوال قائم کرکے جواب بیان کنندہ لکھنے کا شامل آمد وبندوبست مین پایا جاتا ہے اور جسکو صاحب مہتمم بندوبست نے رپورٹ مین دکھایا ہے یہ ٹھیک نہین ہے۔ لہذا حکم ہوا کہ بیانات جب قلمبند کئے جائیں ... سلسلہ مین بطور مصرحہ بالا ہونا چاہئے۔ احکام عام جاری ہوں۔ مثل مطلوبہ واپس ہو۔ ایک نقل برائے اشاعت گزٹ مطبع کو بھیجی جائے۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری

تصحیح۔ گزٹ نمبر ۴۱ جلد ۳۳ مطبوعہ ۱۳ راکتوبر ۱۹۲۱ء کے کالم ۲ سطر ۲ مین ... محمد حسین خان سب انسپکٹران پولیس کی بجائے ... حسین خان و احمد حسین سب انسپکٹران ...

نقشہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۲۳ لغایت ۳۰ اکتوبر ۱۹۳۱ء

نام جنس	خصوص تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم			۳۰مار	۴مار		۴مار	
نخود خالص			۱۰۳مار	۴مار		۱۰۳مار	
نخود کت آمیز			۱۰۴مار	۱۰۳مار		۴مار	
کتہ			۱۰۴مار	۱۰۳مار		۵مار	
ماش			۵مار	۴مار		۴مار	
مونگ			۱۰۳مار	۱۰۳مار		۳مار	
مکا			۷مار	۱۰۵مار		۱۰۶مار	
جئی			۰	۷مار		۷مار	
گوجئی			۰	۵مار		۱۰۵مار	
عدس			۵مار	۴مار		۰	
ارہر			۵مار	۵مار		۰	
برنج			۴مار	۱۰۴مار		۵مار	
روغن زرد			۱۱۱مار	۰مار		۱۱۱مار	
روغن سیاہ			۱مار	۱۱مار		۱مار	
روغن کنجد			۱مار	۲مار		۲/مار	
نمک سامبھر			۱۰۱۲مار	۱۰مار		۱۰۱۱مار	
نمک لاہوری			۶مار	۵مار		۷مار	
قند سیاہ			۲مار	۲مار	۰	۱/۱مار	
باجرہ			۰	۰		۰	دیگر تحصیلوں سے نقشہ نہیں آیا